Grow Safe (Private) Limited
Pakistan's Leading Training, Consultancy and Compliance Solutions provider
growsafehse.com

Ref: GSPL/PR/26/13/035
Date: 13/04/2026

NTN: 4662393 | **STRN:** S4662393-2
GST: 3277876254888 | **PNTN:** P4662393-2

پریس ریلیز

گروسیف کا پیشہ ورانہ صحت، حفاظت کے لیے جامعہ کراچی سے اشتراک

صحت، حفاظت اور ماحولیات کے شعبے میں نامور، گروسیف نے جامعہ کراچی کے شعبہ تعلیم سے معاہدہ کرلیا ہے، جس کے تحت پشہ ورانہ صحت اور حفاظت کے نقطہ نظر سے تربیت اور آگاہی پر مبنی پروگرامات کا انعقاد کیا جائے گا۔

گروسیف نے اس موقع پر مذکورہ شعبے کو لیپ ٹاپ بھی عطیہ کیے جس کا مقصد بہتر علمی اور تحقیقی صلاحیت کے لیے شروع کیے گئے لائبریری ڈیجیٹائزیشن کے اقدام کو تقویت فراہم کرنا ہے۔ اس عمل سے جامعہ کے ریوسرسز تک رسائی میں خاطر خواہ بہتری اور لائبریری کے نظام میں جدت کی توقع ہے۔

معاہدے پر دستخط مزمل صفدر، سربراہ جی ایس پی ایل اکیڈمی، اور ڈاکٹر عزیز النساء، چیئرپرسن شعبہ تعلیم کی جانب سے سینئر تعلیمی اور کارپوریٹ نمائندگان کی موجودگی میں کیے گئے۔

اس موقع پر دونوں جانب سے تعلیمی مقاصد کو آگے بڑھانے اور اعلی تعلیم کے شعبے میں جدت کو پروان چڑھانے کے لیے پبلک پرائیوٹ تعاون کی اہمیت پر زور دیا گیا۔

چیف ایگزیکٹو آفیسر گروسیف سعد عبدالوہاب نے پشہ ورانہ حفاظت کی اہمیت اجاگر کرتے ہوئے چیئرپرسن شعبہ سے ڈگری اور تربیتی پروگرامات میں اسے بطور مضمون شامل کرنے کی درخواست کی۔

دیگر شرکاء میں اسٹوڈنٹ ایڈوائزر ڈاکٹر معروف بن رؤوف، اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر نائلہ صدیقہ، اور گروسیف کے ڈائریکٹر ایچ آر، سیلز اور مارکیٹنگ حمدان صدیقی شامل تھے۔

تازہ اشتراک کارپوریٹ سوشل ذمداری کے حوالے سے گروسیف کے مسلسل عزم کو ظاہر کرتا ہے، جس کا مقصد پاکستان کے تعلیمی شعبے کی استعداد میں اضافے اور ڈیجیٹائزیشن کے ساتھ ساتھ اسے تمام ممکنہ مدد فراہم کرنا ہے۔

بشکریہ،

GROW SAFE (PRIVATE) LIMITED MEDIA DEPARTMENT

حسان صدیقی
مینیجر، کارپوریٹ میڈیا
Grow Safe (Private) Limited
Together, we can grow safe